Fairfax County
PUBLIC SCHOOLS
ENGAGE • INSPIRE • THRIVE

Michelle Reid, Superintendent
8115 Gatehouse Road
Falls Church, Virginia 22042

جولائی ، 2024 ء

عزیز والد یا والدہ/ سرپرست:

اگرآپ کے بچے وفاق کےمفت اورکم قیمت کھانے (Free and Reduced-Priced) کے پروگرام سےمستفید ہونے کے اہل ہیں ، تو وہ فیئرفیکس کاؤنٹی پبلک اسکولز (FCPS) کےفیسوں والے دیگر پروگراموں کیلئے بغیرفیس یا کم فیس کے حقدار بھی بن سکتے ہیں ۔ آپ فیئر فیکس کاؤنٹی پبلک اسکولز(FCPS) کے علاوہ دوسرے اداروں اور تنظیموں کی طرف سے پیش کیئے جانے والے وظائف ، کلاسوں ، اور سہولیات کے بارے میں معلومات حاصل کرنے کے بھی اہل ہیں ۔

اگرآپ چاہتے ہیں کہ آپ کے بچے FCPS کے فیس والے پروگراموں سے، مفت یا کم فیس کی سہولت سے مستفید ہوں اور آپ اپنے بچے کو ملنے والے دیگر فوائد کے بارے میں معلومات حاصل کرنا چاہتے ہیں توآپ کولازماً ایک تحریری معاہدہ فراہم کرنا ہوگا جس کا مقصد FCPS کے عملے کو آپ کے بچے کے کھانے کے پروگرام کیلئے اہل ہونے سے متعلق معلومات کے تبادلے کی اجازت دینا ہے ۔

اگر آپ ان معلومات کو شیئر کرنے سے اتفاق کرتے ہیں ، تو ہم آپ کے بچے کے مفت یا کم قیمت کھانوں کیلئے اہل ہونے کی صورت میں ، یہ معلومات صرف آپ کے بچے کے اسکول پرنسپل ، اسکول کونسلرز اور اس پروگرام کی سرگرمیوں میں شامل FCPS کے دیگر عملے پر ظاہر کریں گے ۔ FCPS عملے کو ملنے والی معلومات اس مراسلہ میں درج مقاصد کیلئے ہی استعمال کی جائیں گی ۔ وفاق اور ریاستی قوانین کی رُو سے، ہم ذاتی شناخت کی معلومات کو FCPS سے باہر افشاء نہیں کریں گے ۔ اس کے علاوہ ، FCPS ٹرسٹ پالیسی اس امر کو یقینی بناتی ہے کہ FCPS طالبعلم اورخاندان FCPS کے ثمرات اور سہولیات سے اس خطرہ کے بغیر استفادہ کریں کہ ان کی معلومات وفاقی امیگریشن حکام کو افشاء کی جائیں گی ۔ مزید معلومات کیلئے یہ ویب سائٹ دیکھئے www.fcps.edu/trustpolicy ۔

براہِ مہربانی اپنے بچوں کی معلومات مکمل کیجیئے اور اس خط کی پچھلی طرف دیئے گئے متعلقہ خانوں پر( ✔ ) کا نشان لگائیے ۔ معلومات کے تبادلے کا آپ کا یہ معاہدہ مکمل طور پر رضا کارانہ ہے ۔ FCPS کے دوسرے پروگراموں سے اپنے بچے کی اہلیت کی معلومات کے تبادلے سے انکار کا اثر ، آپ کے بچے کے مفت اور کم قیمت کھانوں کی اہلیت پر نہیں پڑے گا ۔

**براہِ مہربانی اپنی درخواست کے ساتھ یہ فارم لفافے میں جس پر پتہ پہلے سے درج ہے ، ڈال کر اس پتے پر ارسال کر دیجئیے:**
**Fairfax County Public Schools,**
**Office of Food and Nutrition Services, 6840 Industrial Road Springfield VA 22151-9922.**

مخلص ،

Michelle C. Reid, Ed.D.
Division Superintendent

MR/va

وفاقی شہری حقوق کے قانون اور امریکہ کے محکمہ زراعت (USDA) کے شہری حقوق قواعد اور پالیسیوں کی رُو سے، یہ ادارہ رنگ ونسل ، قومیت ، جنس (بشمول صنفی شناخت اور جنسی رحجان) ، معذوری ، عمر، ماضی میں کی گئی شہری حقوق کی سرگرمیوں کی بنیاد پربدلہ یا انتقامی کارروائیاں نہیں کرتا ۔

پروگرام کے بارے میں معلومات انگریزی زبان کے علاوہ دوسری زبانوں میں بھی دستیاب ہوسکتی ہیں ۔ معذوریوں کے حامل افراد ، جنہیں پروگرام کی معلومات حاصل کرنے کیلئے متبادل ذرائع ابلاغ کی ضرورت ہوتی ہے (مثلاً بریل ، بڑے حروف ،آڈیو ٹیپ ،امریکن سائن لینگوئج ) ، وہ متعلقہ ریاست یا مقامی ایجنسی سے رابطہ کریں جو پروگرام چلاتے ہیں یا USDA کے TARGET سینٹرسے (202) 720-2600 (voice and TTY) پر رابطہ کریں یا USDA سے فیڈرل ریلے سروس سے 8339-877 (800) پر رابطہ کریں ۔

پروگرام میں امتیازی سلوک کے حوالہ سے شکایت درج کرانے کیلئے، فارم AD-3027 پُر کریں جوUSDA پروگرام میں امتیازی سلوک کی شکایت کا فارم ہے اورآن لائن دستیاب ہے: https://www.usda.gov/sites/default/files/documents/USDA-OASCR%20P-Complaint-Form-0508-0002-508-11-28-17Fax2Mail.pdf، کسی بھی USDA دفترسے ، 632-9992 (866) نمبر پر فون کرکے ، یا USDA کوخط لکھ کربھی فارم منگواسکتے ہیں ۔ خط میں شکایت کنندہ کا نام ، پتہ ، ٹیلی فون نمبر، اور مبینہ امتیازی سلوک کے متعلق تفصیلی تحریری بیان درج ہو تاکہ اسسٹنٹ سیکریٹری برائے سول رائٹس (ASCR) کو مبینہ شہری حقوق کی خلاف ورزی کی نوعیت اور تاریخ معلوم ہوسکے ۔ پُر کیا گیا AD-3027 فارم یا خط USDA کو ارسال کیا جائے:

1. ڈاک:
U.S. Department of Agriculture
Office of the Assistant Secretary for Civil Rights
1400 Independence Avenue, SW
Washington, D.C. 20250-9410; or
2. فیکس:
or (833) 256-1665; or (202) 690-7442
3. ای میل:
program.intake@usda.gov

یہ محکمہ مساوی مواقع فراہم کرنے والا ادارہ ہے ۔

## FAIRFAX COUNTY PUBLIC SCHOOLS
**دوسرے پروگراموں کے فوائد کے حصول کیلئے معلومات کے تبادلے کی رضامندی**
**2024-2025**

| | **طالبعلم کی اسکول آئی ڈی** | **طالبعلم کا نام** | **اسکول کا نام** |
|---|---|---|---|
| 1 | | | |
| 2 | | | |
| 3 | | | |
| 4 | | | |
| 5 | | | |
| 6 | | | |
| 7 | | | |

براہ مہربانی متعلقہ خانے یا خانوں پر( ✔ ) کا نشان لگائیے ۔

اگر میں چاہتا / چاہتی ہوں کہ میرے بچے **تمام اہل فوائد** حاصل کریں تو ( ✔ ) تو میں درج ذیل دائیں جانب خانے میں نشان لگاؤں گا / گی ۔ اگرمیں اپنے بچوں کی معلومات کا تبادلہ صرف مخصوص پروگراموں کیلئے چاہتا / چاہتی ہوں تو میں ( ✔ ) کا نشان صرف بائیں طرف والے کالم میں دیئے گئے ان خانوں یا خانے پر لگاؤں گا / گی جہاں پروگرامز بیان کیے گئے ہیں ۔ میں اس بات سے آگاہ ہوں کہ ذیل میں بیان کیے گئے تمام فوائد اور پروگرام تمام اسکولوں کے اور ہر گریڈ کے طلباء کیلئے دستیاب نہیں ہوں گے ۔

☐ **تمام فوائد کے اہل** **یا** **مخصوص پروگرامز**

☐ **ریگولیشن اینڈ نوٹس 5922 کے مطابق طالبعلم کی فیس**

☐ **طلباء کیلئے معاونت:**
معلومات برائے FCPS سے باہر اسکالرشپس ، کلاسیں اور دیگر
FCPS سے باہر تعلیم سے متعلقہ خدمات
دستیاب معاونت کے متعلق معلومات

☐ جی نہیں ، میں وفاق کے مفت یا کم قیمت کھانوں کے پروگرام سے متعلق اپنے بچوں کی اہلیت اوپر درج شدہ پروگراموں کیلئے شیئر **<u>نہیں کرنا چاہتا / چاہتی</u>۔**

والد یا والدہ/ سرپرست کےدستخط: ______________________ تاریخ: ______________

نام (جلی حروف): ______________________________